# وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ

”اور ہم حمد وثناء کے ساتھ آپ کی تسبیح اور تقدیس کرتے ہیں“

## قدس ایجوکیشن سنٹر ساہیوال

### (تعارف: ماضی، حال اور مستقبل)




تعلیم وتدریس

میڈیا ہاؤس

دعوت وتبلیغ

بیت المال

شارٹ کورسز

خدمت خلق

دارالافتاء

شریعہ آن لائن

ریسرچ سنٹر

اسلامک ہاسٹل




قدس ایجوکیشن سنٹر، F بلاک، سٹاپ 4، فرید ٹاؤن ساہیوال

0300-8864496,040-4508005 quduseducation.com Qudus Education Centre

# قدس ایجوکیشن سنٹر

**تعارف:** اسلام کی رو سے علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے مگر فی زمانہ علم کو دینی اور دنیاوی علم کے دائروں میں تقسیم کر دیا گیا ہے اور اسی بنیاد پر تعلیمی ادارے بھی وجود میں آئے ہیں۔ ایک عرصے تک گویا سکول و کالج میں دینی علوم کا داخلہ ممنوع تھا اور مکتب و مدرسہ میں دنیاوی تعلیم پانا حرام سمجھا جاتا تھا۔ جامع مسجد قدس (تاسیس 1976ء) کے بانی ذمہ داران کا خیال تھا کہ علم میں دوئی کے اس تصور کو ختم کر کے طلبہ کو ایک ہی چھت تلے دین و دنیا کی تعلیم سے آراستہ کرنا چاہیے چنانچہ اس مقصد کیلئے انہوں نے اسلامک ایجوکیشنل انسٹی ٹیوٹ کے لیے مسجد سے ملحق جگہ بھی مختص کر رکھی تھی، جس پر قدس ایجوکیشن سنٹر کے نام سے 2021ء میں تعلیمی ادارہ قائم کر دیا گیا۔ ادارہ ہذا میں دینی علوم کے ساتھ ساتھ دنیاوی علوم (سائنس + کمپیوٹر + آرٹس) کی تعلیم دینے اور طلبہ کو اخلاقی تربیت فراہم کرنے کا بہترین انتظام ہے۔ ہماری کوشش ہوگی کہ اس ادارہ سے صالحیت اور صلاحیت کے حامل افراد تیار ہوسکیں، جو امت اسلامیہ کے حق میں مفید ثابت ہوں۔

## اغراض و مقاصد

- عوام و خواص کو قرآن و حدیث کے ترجمہ، تشریح اور تفسیر کا مطالعہ کروانا۔
- طلبہ کو حفظ کے ساتھ مڈل اور تجوید کے ساتھ میٹرک تک دنیاوی تعلیم دینا۔
- میٹرک (سائنس / آرٹس / کمپیوٹر) کے ساتھ وفاق المدارس سے ثانوی عامہ کا دوسالہ نصاب مکمل کروانا۔
- دعوت و تبلیغ کے نیٹ ورک کے ذریعے معاشرے میں توحید و سنت اور اخلاق و آداب کی ترویج کرنا۔
- اسلامک ریسرچ سنٹر کی مدد سے ترجمہ و تالیف اور تحقیق و تصنیف کی روایت پروان چڑھانا۔
- کالجز، یونیورسٹیز میں زیرِ تعلیم طلبہ کو ہاسٹل اور میس کی سہولت کے ساتھ سمسٹر وائز دینی تعلیم دینا۔
- دینی علوم کے ساتھ ساتھ عصری، فنی اور سائنسی علم کے حصول کا سازگار ماحول فراہم کرنا۔
- اہل شہر کے لیے مبادیات اسلام سے متعلقہ تعلیمی کورسز اور تربیتی ورکشاپس منعقد کروانا۔
- روزمرہ معاملات میں پیش آمدہ مسائل پر دارالافتاء کے تحت شرعی راہنمائی فراہم کرنا۔
- معاشرتی فلاح و بہبود کے لیے منظّم بیت المال قائم کرنا اور خدمت خلق کے جذبہ سے مستحقین کا معاون بننا۔
- قدس چینل اور سوشل میڈیا کو اسلام کے فروغ اور دفاع کے لیے مقدور بھر استعمال کرنا۔

## قدس ایجوکیشن سنٹر کی خصوصیات

| | | | |
|---|---|---|---|
| تجربہ کار ماہرین تعلیم کی زیر نگرانی | اسلامی اور عصری تعلیم کا حسین امتزاج | ٹیسٹ، انٹرویو کے بعد میرٹ پر داخلہ | داعیان اسلام کے اصلاحی لیکچرز |
| فہم قرآن اور فہم شریعہ کا تربیتی نصاب | سہ ماہی اور سالانہ امتحانی ترتیب | مار نہیں پیار کے تصور کا عملی نمونہ | مختلف لہجات میں تلاوت کی مشق |
| پبلک لائبریری اور کمپیوٹر + سائنس لیب | ذہین اور مستحق طلبہ کے لیے تعلیمی وظائف | نصابی و ہم نصابی بھرپور سرگرمیاں | تعلیمی و تفریحی ٹورز اور سپورٹس ایونٹس |
| صاف ستھرے اور ایئر کنڈیشنڈ کلاس رومز | مارننگ اسمبلی اور بزم ادب کا باقاعدہ اہتمام | اردو، عربی اور انگلش تقریر میں مہارت | سبق، سبقی، منزل اور پارہ کا رپورٹ سسٹم |
| والدین سے روزانہ رابطہ اور سہ ماہی PTM | حفظ مع مڈل اور تجوید مع میٹرک کا انتظام | تیراکی، گھڑسواری، تیر اندازی اور فن خطاطی | CCTV کی مدد سے آن لائن نگرانی |

# قدس علماء کونسل

| | | |
|---|---|---|
| فضیلۃ الشیخ حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ مفتی عبدالستار حماد حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ عبدالغفار اعوان حفظہ اللہ |
| فضیلۃ الشیخ حافظ عبدالعظیم اسد حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ قاری صہیب احمد میر محمدی حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی حفظہ اللہ |
| فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبید الرحمٰن محسن حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالماجد کشمیری حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ مولانا احمد یار صدیقی حفظہ اللہ |
| فضیلۃ الشیخ قاری اظہار احمد بلوچ حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ مولانا محمد اجمل بھٹی حفظہ اللہ | فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر جواد حیدر حفظہ اللہ |

## عہدیداران مسجد کمیٹی

- میاں محمد صدیق کامیانہ (سرپرست مسجد و مدرسہ)
- چوہدری محبوب حسین (نائب صدر)
- ضیاء الرحمٰن (سیکرٹری دعوت و تبلیغ)
- شیخ عبداللطیف (جوائنٹ سیکرٹری)
- شیخ عامر اقبال (لیگل ایڈوائزر)
- ڈاکٹر محمد سعید (صدر)
- شیخ بابر اقبال (خازن)
- معاذ عبداللہ (سیکرٹری تعمیرات)
- ملک فیصل (معاون سیکرٹری مالیات)
- شیخ ناصر اقبال (لیگل ایڈوائزر)
- شیخ عبداللہ سلیم (سینئر نائب صدر)
- رضوان حمید (سیکرٹری نشر و اشاعت)
- ڈاکٹر محمد بلال (جنرل سیکرٹری)
- جاوید اقبال (آڈیٹر)

## بورڈ آف گورنرز

- پروفیسر ڈاکٹر سیف اللہ فیضی
- پروفیسر ڈاکٹر منیر احمد رسول پوری
- ڈاکٹر محمد ریحان
- ڈاکٹر محمد بلال
- جناب احمد شہاب
- جناب عبداللطیف شیخ

## فیکلٹی ممبرز

- ڈاکٹر آصف جاوید
- ڈاکٹر محمد انس محمود
- قاری سلمان احمد
- قاری شمس الحق
- قاری محمد اعجاز
- جناب محمد فیصل

## آفس سٹاف

- محمد جاوید اقبال (اکاؤنٹس مینیجر)
- جناب محمد ضیغم (کمپیوٹر آپریٹر)
- محمد عطاء اللہ (سیکورٹی گارڈ)
- جناب علی حسن (باورچی)
- محمد عطاء اللہ (خادم)
- جناب محمد جاوید (خادم)

# قدس ایجوکیشن سنٹر کے تعلیمی پروگرامز

قدس ایجوکیشن سنٹر کے تعلیمی پروگرامز کے تحت مندرجہ ذیل کلاسز میں ایڈمیشن / رجسٹریشن جاری ہیں:

## 1 ناظرہ کلاس

جو طلبہ ناظرہ میں کمزور ہوں، انہیں پری حفظ کلاس میں داخل کیا جاتا ہے۔ پری حفظ کلاس میں بچوں کو قرآنی قاعدہ اور ناظرہ قرآن مع تجویدی قواعد کے ساتھ ساتھ تربیتی نصاب بھی مکمل کروایا جاتا ہے۔ تربیتی نصاب میں اسلامی عقائد، نماز نبوی، سیرت طیبہ، ادعیہ مسنونہ اور آداب معاشرت شامل ہیں۔ پری حفظ کلاس کا دورانیہ چھ (6) ماہ ہے۔

## 2 حفظ کلاس

پری حفظ کلاس سے پاس آؤٹ طلبہ کو حفظ کلاس میں داخل کیا جاتا ہے اور 2 سال میں قرآن مجید مکمل حفظ کروایا جاتا ہے۔ حفظ کلاس میں طلبہ کی کارکردگی کو روزانہ، ہفتہ وارانہ اور ماہانہ رپورٹس کی بنیاد پر جانچا جاتا ہے۔ مارننگ اسمبلی اور ویکلی بزم ادب کا اہتمام ہوتا ہے۔ حفظ کے ساتھ ساتھ تمام طلبہ کو مڈل تک لازمی سکول کی تعلیم کا انتظام بھی ہے۔ حفظ کلاس میں داخلہ کی اہلیت پرائمری اور ناظرہ پاس ہونا ہے۔

## 3 گردان کلاس

جو طلبہ حفظ کے بعد اسکولز، کالجز میں داخل ہو جاتے ہیں اور ان کی خواہش ہوتی ہے کہ رمضان المبارک میں تراویح پڑھائیں مگر مناسب ماحول میسر نہ ہونے کی وجہ سے رمضان سے قبل باقاعدہ قرآن نہیں دہرا پاتے، قدس ایجوکیشن سنٹر انہیں عرصہ 3 ماہ کی گردان کلاس آفر کرتا ہے۔ گردان کلاس میں حفاظ کرام روزانہ کی بنیاد پر پارے سنا سکتے اور اپنی منزل پختہ کر سکتے ہیں۔ گردان کلاس کی رجسٹریشن جاری ہے؛ دسمبر کے آخری ہفتے تک کلاس شروع ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ

## 4 مڈل کلاس

جن طلبہ نے حفظ مکمل کیا ہو اور پرائمری پاس کر چکے ہوں، قدس ایجوکیشن سنٹر ان کیلئے تین سالہ پروگرام پیش کرتا ہے۔ پرائمری پاس حفاظ طلبہ کو 3 سال میں تجوید کے ساتھ ساتھ میٹرک سائنس / آرٹس کروایا جائے گا۔ پہلے سال فاؤنڈیشن کلاس ہوگی، جس میں ضبط اور اتقان کے ساتھ چھٹی سے آٹھویں جماعت کا نصاب کور کیا جائے گا اور انگلش زبان و ادب پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ فاؤنڈیشن کلاس میں داخلے کی اہلیت کا معیار حافظ قرآن اور پرائمری پاس ہونا ہے۔

## 5 میٹرک کلاس

قدس ایجوکیشن سنٹر کی میٹرک کلاس (9th) میں مڈل پاس طلبہ کو داخلہ دیا جاتا ہے اور 2 سال میں میٹرک کے ساتھ ساتھ وفاق کے تحت ثانوی عامہ کا دوسالہ کورس بھی کروایا جاتا ہے۔ میٹرک کلاس میں حفاظ اور غیر حفاظ طلبہ داخل ہو سکتے ہیں۔ حفاظ طلبہ کو وفاق کے نصاب کے مطابق تجوید و قراءت پڑھائی جائے گی اور غیر حفاظ طلبہ کو میٹرک کے ساتھ علوم عربیہ و اسلامیہ (ثانویہ عامہ) مکمل کروایا جائے گا۔ دنیوی تعلیم کا رزلٹ کارڈ اور سند سرکاری بورڈ سے جبکہ دینی تعلیم کی سند وفاق سے جاری ہوگی۔

# قدس ایجوکیشن سنٹر کے شعبہ جات

مندرجہ ذیل شعبہ جات میں خدمات انجام دینا، قدس ایجوکیشن سنٹر کے فیوچر پلان کا حصہ ہے:

## 1 تعلیم و تدریس

شعبہ ایجوکیشن کے تحت قرآن حکیم کا ناظرہ، حفظ اور تجوید پڑھایا جاتا ہے۔ حفظ کے ساتھ مڈل اور تجوید کے ساتھ میٹرک تک دنیاوی تعلیم کا بھی اہتمام ہے۔ میٹرک (سائنس/ آرٹس/ کمپیوٹر) کے ساتھ ساتھ وفاق المدارس سے ثانویہ عامہ کا دوسالہ نصاب بھی مکمل کروایا جاتا ہے۔ ادارہ میں اس وقت پری حفظ کلاس، حفظ کلاس اور گردان کلاس جاری ہے جبکہ فاؤنڈیشن کلاس، تجوید کلاس، شریعہ کلاس اور میٹرک کلاس کی رجسٹریشن جاری ہے۔

## 2 دعوت و تبلیغ

شعبہ دعوت کے تحت معتبر اہل علم کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں اور شہر کی مختلف مساجد اور عوامی مقامات پر اصلاحی دروس منعقد کروائے جاتے ہیں۔ جامع مسجد قدس میں عرصہ دراز سے مستقل بنیادوں پر ماہانہ دروس کا سلسلہ جاری ہے، جس میں اصلاحی بیانات کے لیے بیرون شہر سے معروف اسکالرز تشریف لاتے ہیں۔ علاوہ ازیں اہل محلّہ کو دعوت دینے کی غرض سے ہفتہ وار تبلیغی گشت بھی کیا جاتا ہے۔

## 3 شارٹ کورسز

اہل شہر کو مبادیات اسلام سے متعلقہ شارٹ تعلیمی کورسز اور تربیتی ورکشاپس کروانا بھی قدس ایجوکیشن سنٹر کے پروگرامز میں شامل ہے۔ قدس ایجوکیشن سنٹر اپنے متعلقین کو وقتاً فوقتاً یک ماہی، دوماہی اور سہ ماہی شارٹ کورسز آفر کرتا رہتا ہے۔ شارٹ کورسز کے موضوعات میں: عقیدہ وایمان، ناظرہ و تجوید، ترجمہ وتفسیر، حدیث وسنت، فقہ وسیرت، اذکار وادعیہ اور آداب واخلاق وغیرہ شامل ہیں۔

## 4 دارالافتاء

روزمرہ معاملات میں پیش آمدہ مسائل پر اہل علاقہ کی راہنمائی کے لیے دارالافتاء قائم کیا جائے گا اور مستند علمائے کرام کی سرپرستی میں عوامی سوالات کے قرآن وسنت سے مزین تحریری جواب دیئے جائیں گے، جو قدس ایجوکیشن سنٹر کی فتویٰ کمیٹی جاری کرے گی۔ روزانہ کی بنیاد پر سیریز کی صورت میں سوال وجواب کی پوسٹ بنانا اور اسے میڈیا پر وائرل کرنا بھی دارالافتاء کے ذمہ ہوگا۔

## 5 ریسرچ سنٹر

اسلامک ریسرچ سنٹر کا قیام بھی قدس ایجوکیشن سنٹر کے منصوبہ جات میں شامل ہے۔ ریسرچ سنٹر کے تحت مستند علمی مواد پر مبنی خطبہ جمعہ تیار کر کے دعوتی نیٹ ورک میں شامل خطبائے مساجد کو فراہم کیا جائے گا۔ خاص مواقع اور اہم مسائل پر مختصر کتابچے مرتب کیے جائیں گے۔ منتخب عربی کتب کا اردو میں ترجمہ کیا جائے گا۔ مختلف موضوعات پر آسان فہم انداز میں علمی وتحقیقی لٹریچر فراہم کیا جائے گا اور قدس ایجوکیشن سنٹر کے تعلیمی منصوبہ جات کے لیے ماہرین تعلیم کی سرپرستی میں نصاب تیار کیا جائے گا۔

# قدس ایجوکیشن سنٹر کے شعبہ جات

## 6 میڈیا ہاؤس

قدس ایجوکیشن سنٹر کے زیر اہتمام قدس میڈیا ہاؤس قائم کیا جائے گا۔میڈیا ہاؤس کے تحت ماہانہ دروس ،خطبات جمعہ،معروف علمائے کرام کے لیکچرز اور حالات حاضرہ پر شارٹ کلپس ریکارڈ کر کے قدس چینل اور سوشل میڈیا پر نشر کیے جائیں گے۔علاوہ ازیں روزانہ کی بنیاد پر کسی معروف قاری صاحب کا تلاوت و ترجمہ نشر کیا جائے گا۔ روزانہ کسی ایک مسئلے پر سوال و جواب کے انداز میں شرعی راہنمائی فراہم کی جائے گی۔قرآن و سنت اور اقوال سلف سے مزین پوسٹ بھی شیئر کی جائے گی۔

## 7 بیت المال

جامع مسجد قدس میں شرعی بنیادوں پر بیت المال قائم کرنے کا پروگرام ہے۔ بیت المال میں جامع مسجد قدس کے نمازی حضرات،زیر تعلیم طلبہ کے والدین،ادارہ کے متعلقین اور اہل علاقہ میں سے مخلصین کا عشر و زکوٰۃ جمع کیا جائے گا۔بیت المال میں جمع شدہ زکوٰۃ و صدقات کو منظّم اور شفاف انداز سے مصارفین زکوٰۃ تک پہنچایا جائے گا اور اسے مستحقین پر خرچ کیا جائے گا۔

## 8 خدمت خلق

قدس ایجوکیشن سنٹر کے پلان میں شعبہ خدمت خلق کا قیام بھی شامل ہے،جس کے تحت ہنگامی حالات (قرض،مرض یا وفات وغیرہ) کی صورت میں اہل علم اور دین دار افراد سے تعاون کیا جائے گا۔ضرورت مندوں کو قرض حسنہ فراہم کیا جائے گا۔بیوہ اور یتیم بچوں کی کفالت کی جائے گی۔ ذہین اور مستحق طلبہ کو تعلیمی وظائف دیے جائیں گے۔فری قدس ڈسپنسری اور میڈیکل کیمپ کا قیام بھی عمل میں لایا جائے گا۔

## 9 شریعہ آن لائن

مصروفیات کے دور میں جو لوگ خواہش کے باوجود کسی ادارے میں جا کر دینی علم کے حصول کے لیے باقاعدہ وقت نہیں نکال پاتے،قدس ایجوکیشن سنٹر انہیں شریعہ آن لائن کورسز آفر کرے گا،جس کی مدد سے وہ اپنے دستیاب وقت میں دینی تعلیم حاصل کر پائیں گے۔اوپن یونیورسٹی کی طرز پر فاصلاتی نظام کے تحت مختلف کورسز کروائے جائیں گے تاکہ لوگ گھر بیٹھے دینی تعلیمات اور اسلامی احکامات سے آشنا ہو سکیں۔

## 10 اسلامک ہاسٹل

اسلامک ہاسٹل پروگرام کے تحت کالجز اور یونیورسٹیز میں زیرِ تعلیم طلبہ کو ہاسٹل اور میس کی سہولت آفر کی جائے گی اور انہیں سمسٹر سسٹم کے تحت دینی تعلیم دی جائے گی گویا وہ عصری تعلیم جاری رکھتے ہوئے دینی تعلیم بھی حاصل کر سکیں گے اور دین کی بنیادی تعلیم حاصل کر کے مختلف شعبہ حیات میں تعلیم و تبلیغ کا عملی فریضہ بھی انجام دے سکیں گے۔



# شعبہ تحفیظ کا خاکہ

ناظرہ قرآن میں نسبتاً کمزور طلبہ کو پری حفظ کلاس میں داخل کیا جاتا ہے۔ پری حفظ کلاس میں بچوں کو قرآنی قاعدہ اور ناظرہ قرآن مع تجویدی قواعد کے ساتھ ساتھ تربیتی نصاب بھی مکمل کروایا جاتا ہے۔ تربیتی نصاب میں اسلامی عقائد، نماز نبوی، سیرت طیبہ، اذکار مسنونہ اور آداب معاشرت شامل ہیں۔ پری حفظ کلاس کا دورانیہ چھ (6) ماہ ہے۔



## تکمیل حفظ کا دوسالہ شیڈول

اوسط ذہنی استعداد کے حامل طلبہ کو مدنظر رکھ کر، مذکورہ نصاب ترتیب دیا گیا ہے، جس کی رو سے دوسال کی قلیل مدت میں حفظ مکمل کروایا جائے گا۔

| نمبر شمار | پارہ نمبر | وقت | مقدار سبق | نمبر شمار | پارہ نمبر | وقت | مقدار سبق |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پارہ 30 | 2 ماہ | 6 سطریں | 16 | پارہ 15 | 12 دن | 24 سطریں |
| 2 | پارہ 29 | 2 ماہ | 6 سطریں | 17 | پارہ 14 | 12 دن | 24 سطریں |
| 3 | پارہ 28 | $1\frac{1}{2}$ ماہ | 6 سطریں | 18 | پارہ 13 | 12 دن | 24 سطریں |
| 4 | پارہ 27 | $1\frac{1}{2}$ ماہ | 6 سطریں | 19 | پارہ 12 | 12 دن | 24 سطریں |
| 5 | پارہ 26 | $1\frac{1}{2}$ ماہ | 6 سطریں | 20 | پارہ 11 | 12 دن | 24 سطریں |
| 6 | پارہ 25 | 1 ماہ | 12 سطریں | 21 | پارہ 10 | 12 دن | 24 سطریں |
| 7 | پارہ 24 | 1 ماہ | 12 سطریں | 22 | پارہ 09 | 12 دن | 24 سطریں |
| 8 | پارہ 23 | 1 ماہ | 12 سطریں | 23 | پارہ 08 | 12 دن | 24 سطریں |
| 9 | پارہ 22 | 1 ماہ | 12 سطریں | 24 | پارہ 07 | 12 دن | 24 سطریں |
| 10 | پارہ 21 | 1 ماہ | 12 سطریں | 25 | پارہ 06 | 12 دن | 24 سطریں |
| 11 | پارہ 20 | 18 دن | 16 سطریں | 26 | پارہ 05 | 12 دن | 24 سطریں |
| 12 | پارہ 19 | 18 دن | 16 سطریں | 27 | پارہ 04 | 12 دن | 24 سطریں |
| 13 | پارہ 18 | 18 دن | 16 سطریں | 28 | پارہ 03 | 09 دن | 32 سطریں |
| 14 | پارہ 17 | 18 دن | 16 سطریں | 29 | پارہ 02 | 09 دن | 32 سطریں |
| 15 | پارہ 16 | 12 دن | 24 سطریں | 30 | پارہ 01 | 09 دن | 32 سطریں |

## شیڈول یومیہ دروس

جامع مسجد قدس میں روزانہ کی بنیاد پر مختلف اوقات میں مندرجہ ذیل دروس کا اہتمام کیا جاتا ہے، جس میں اہل محلّہ اپنے ذوق اور ضرورت کے مطابق شرکت کرتے ہیں۔

- روزانہ بعد نماز فجر (درس تفسیر قرآن)
- روزانہ بعد نماز عصر (درس حدیث شریف)
- روزانہ بعد نماز عشاء (کلاس ترجمہ قرآن)

## نصاب علوم تجوید وقراءت برائے حفاظ طلبہ بمطابق وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان

### پہلا سال

| نمبر شمار | مضمون | کتاب | نمبرز |
|---|---|---|---|
| 1 | ضبط القرآن الکریم | ابتدائی پندرہ پارے | 100 |
| 2 | اداء الحروف | تحفۃ القاری | 100 |
| 3 | قواعد التجوید | اسہل التجوید + تحبیر التجوید | 100 |
| 4 | تطبیق التجوید | مشق عم پارہ مکمل + حدر ابتدائی پندرہ پارے (ناظرہ) | 100 |

### دوسرا سال

| نمبر شمار | مضمون | کتاب | نمبرز |
|---|---|---|---|
| 1 | ضبط القرآن الکریم | آخری پندرہ پارے | 100 |
| 2 | قواعد التجوید | فوائد مکیہ + مقدمہ جزریہ | 100 |
| 3 | تطبیق التجوید | مشق پارہ 29+ حدر آخری پندرہ پارے (ناظرہ) | 100 |

**وضاحت** دو مضامین کے سوا، علوم تجوید وقراءت اور علوم اسلامیہ وعربیہ کا نصاب یکساں ہے۔ تجوید وقراءت میں علوم اسلامیہ کے دو مضامین؛ تحفیظ وتجوید اور ادب وانشاء کی جگہ ضبط وتطبیق اور قواعد تجوید کے دو مضامین کا امتحان ہوگا نیز جماعت نہم ودہم کے پانچ مضامین میں سے دو مضامین کا انتخاب کر کے ان کا امتحان دینا ہوگا۔ وہ پانچ مضامین یہ ہیں: انگلش، کمپیوٹر سائنس، مطالعہ پاکستان، جنرل ریاضی اور جنرل سائنس۔

## نصاب علوم اسلامیہ وعربیہ برائے غیر حفاظ طلبہ بمطابق وفاق المدارس السّلفیہ پاکستان

### پہلا سال

| نمبر شمار | مضمون | کتاب | نمبرز |
|---|---|---|---|
| 1 | تحفیظ وتجوید | پارہ عم (نصف آخر) + تحبیر التجوید (ادغام تک) | 100 |
| 2 | ترجمہ قرآن | الفاتحہ، یونس، ھود | 100 |
| 3 | حدیث | نخبۃ الاحادیث | 100 |
| 4 | سیرت نبوی | مہر نبوت | 100 |
| 5 | عربی زبان | اقراء (اول۔دوم) | 100 |
| 6 | علم صرف | تمرین الصرف + ابواب الصرف | 100 |
| 7 | علم نحو | تمرین النحو | 100 |
| 8 | ادب وانشاء | آسان عربی (حصہ اول) | 100 |

### دوسرا سال

| نمبر شمار | مضمون | کتاب | نمبرز |
|---|---|---|---|
| 1 | تحفیظ وتجوید | عم (نصف اول) + تحبیر التجوید | 100 |
| 2 | ترجمہ قرآن | سورہ یونس تا کہف مکمل | 100 |
| 3 | حدیث واصولہٗ | اصول حدیث + بلوغ المرام (کتاب الحج تک) | 100 |
| 4 | سیرت نبوی | رحمت عالم | 100 |
| 5 | عقائد | تقویۃ الایمان | 100 |
| 6 | صرف ونحو | ابتدائی قواعد صرف + ابتدائی قواعد نحو | 100 |
| 7 | ادب وانشاء | اقراء (دوم، سوم) آسان عربی (دوم) | 100 |

### نوٹ

قدس ایجوکیشن سنٹر میں شعبہ حفظ کو مڈل اور شعبہ علوم اسلامیہ کو میٹرک تک وہی نصاب پڑھایا جاتا ہے، جو PCTB کا منظور شدہ ہے اور جس کے مطابق PEC/BISE سالانہ امتحانی پرچہ جات ترتیب دیتا ہے۔

# قدس ایجوکیشن سنٹر؛ نظام کی اندرونی جھلک

ادارے میں عمل پذیر نظم وضبط کو منطقی ترتیب سے اصول وقواعد کی جھلک میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**Qudus Education Centre**

Stop 4, F-Block, Farid Town Sahiwal
0300-8864496 / 040-4508005

**ADMISSION FORM**

For Session 2023-24

Picture

Form No. ____________ Roll: No. ____________

| | | | |
|---|---|---|---|
| Name: | | Father's Name: | |
| B-Form No. | | Date of Birth: | |
| Father's CNIC #: | | Occupation: | |
| Present Address: | | | |
| Permanent Address: | | | |
| Father/Guardian Contact # (1): | | Contact No. (2): | |
| Previous Institute Name: | | | |

**Education:**

Class: ____________ Marks: ____________

Other Qualification: | Hifz | Nazra

Applicant's Sign: ____________ Father's Sign: ____________

Remarks (If Any): ____________

In-Charge ____________ Principal ____________

## ضابطہ اخلاق برائے طلبہ

قدس ایجوکیشن سنٹر اپنے طلبہ سے توقع رکھتا ہے کہ وہ:

- اخلاق و کردار میں اسلامی احکام کے پابند رہیں گے۔
- نظریہ اسلام اور نظریہ پاکستان کے وفادار رہیں گے۔
- اساتذہ کرام اور ساتھی طلبہ کے ساتھ احترام سے پیش آئیں گے۔
- سیاسی اور مذہبی تنظیمات میں شامل نہ ہوں گے۔
- ادارے کے نظم وضبط کی پابندی کریں گے۔
- ادارہ میں اپنے پاس موبائل فون نہ رکھیں گے۔
- PTM میں اپنے والد/ سرپرست کی شرکت یقینی بنائیں گے۔
- کلاس اور ادارہ کی حرمت کا خیال رکھیں گے۔
- ادارے کی املاک کو نقصان نہیں پہنچائیں گے۔
- انتظامیہ کے فیصلوں پر عمل کریں گے اور اسے کسی فورم پر چیلنج نہیں کریں گے۔

## ڈیلی ورک رپورٹ

| نام: | | حلقہ: | | تاریخ داخلہ: | |
|---|---|---|---|---|---|

| تاریخ | سبق | | | | سبقی | | | | منزل | | | | ریمارکس |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | پارہ | سورہ | صفحہ | سطریں | پارہ | مقدار | غلطی | اٹکن | پارہ | مقدار | غلطی | اٹکن | |
| 01 | | | | | | | | | | | | | |
| 02 | | | | | | | | | | | | | |
| 03 | | | | | | | | | | | | | |
| 04 | | | | | | | | | | | | | |
| 05 | | | | | | | | | | | | | |
| 06 | | | | | | | | | | | | | |
| 07 | | | | | | | | | | | | | |
| 08 | | | | | | | | | | | | | |
| 09 | | | | | | | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | | | | | | | |

## جائزہ سبقی رپورٹ

| نمبر شمار | تاریخ جائزہ | نام طالب علم | حلقہ | پارہ نمبر | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |

## جائزہ منزل رپورٹ

| نمبر شمار | تاریخ جائزہ | نام طالب علم | حلقہ | پارہ نمبر | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | |
| 2 | | | | | |
| 3 | | | | | |
| 4 | | | | | |
| 5 | | | | | |
| 6 | | | | | |
| 7 | | | | | |
| 8 | | | | | |
| 9 | | | | | |
| 10 | | | | | |

## جائزہ پارہ رپورٹ

| نام | | حلقہ | | تاریخ داخلہ | |
|---|---|---|---|---|---|

| نمبر شمار | پارہ | تاریخ ابتدا | تاریخ تکمیل | کل ایام | چھٹیاں | کیفیت | دستخط نگران |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | |
| 9 | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | |

## قدس ہاسٹل قوانین

- ہاسٹل میں اسلحہ رکھنے کی اجازت نہ ہو گی۔
- ہاسٹل میں بلا اجازت مہمان ٹھہرانا منع ہے۔
- نماز اور سکول اوقات کے دوران ہاسٹل بند ہو گا۔
- ہاسٹل میں استری یا ہیٹر کے استعمال کی اجازت نہ ہو گی۔
- ہاسٹل میں نشہ آور اشیاء کا استعمال منع ہے۔
- طالب علم اپنے سامان کی حفاظت کا ذمہ دار خود ہو گا۔
- ہاسٹل میں کھانا لے جانا اور کھانا منع ہے۔
- سنٹر کے ملازمین سے اپنا ذاتی کام کروانا منع ہے۔
- ہاسٹل کے اوقات کار کی پابندی ضروری ہے۔
- ادارہ کی املاک کو نقصان پہنچانے کی صورت میں متعلقہ طالب علم سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

## میس مینو

| دن | ناشتہ | دوپہر | رات |
|---|---|---|---|
| سوموار | ---- | سبزی گوشت | دال ماش |
| منگل | نان چنے + دودھ | آلو مٹر | سبزی |
| بدھ | نان چنے + دودھ | کڑی پکوڑہ | دال چاول |
| جمعرات | روٹی، آلوانڈہ + دودھ | دال ماش | چکن قورمہ |
| جمعہ | روٹی، آلوانڈہ + دودھ | بریانی | سبزی |
| ہفتہ | روٹی، چنے + دودھ | آلو مٹر | ---- |

**ٹائم ٹیبل**

| ناشتہ | دوپہر | رات |
|---|---|---|
| صبح 7 تا 8 بجے | 1:30 تا 2 بجے | 6:30 تا 7 بجے |

- کھانا مینو کے مطابق مہیا کیا جائے گا۔
- مہمان کا بل سٹوڈنٹ ادا کرے گا۔
- ہاسٹل میں کھانا لے جانا منع ہے۔
- مقررہ اوقات کے بعد کھانا نہیں ملے گا۔

## کھانے کے اداب

- ہاتھ دھو کر کھانا شروع کریں۔
- کھانا «بِسْمِ اللّٰهِ» پڑھ کر کھائیں۔
- «بِسْمِ اللّٰهِ» بھول جانے کی صورت میں «بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ» پڑھیں۔
- کھانا دائیں ہاتھ سے کھائیں۔
- اپنے سامنے سے کھائیں، ہاتھ بڑھا کر دوسروں کے سامنے سے نہ کھائیں۔
- کھانا پسند ہو تو کھائیں ورنہ چھوڑ دیں مگر کھانے میں عیب نہ نکالیں۔
- کھانا ضائع مت کریں اور صفائی کا خاص خیال رکھیں.
- کھانا خوب سیر ہو کر نہ کھائیں بلکہ پیٹ میں جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- کھانے کے بعد ہاتھ اچھی طرح دھوئیں اور کلی کریں۔
- کھانے کے بعد یہ دعا پڑھیں:

«اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هٰذَا الطَّعَامَ، وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ»

# قدس ایجوکیشن سنٹر کے فیض یافتہ اور سعادت مند حفاظ کرام

| نمبر شمار | نام طالب علم | ولدیت | پتہ | نمبر شمار | نام طالب علم | ولدیت | پتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حافظ حامد علی | عبدالجبار | ساہیوال | 12 | حافظ خاور علی | محمد افتخار | ساہیوال |
| 2 | حافظ عبدالعظیم | عبدالعزیز | ساہیوال | 13 | حافظ حبیب اللہ | محمد عبداللہ | ساہیوال |
| 3 | حافظ سعد امجد | امجد فاروق عدیل | ساہیوال | 14 | حافظ امیر حمزہ | محمد مشتاق | ساہیوال |
| 4 | حافظ محمد مرتضیٰ | محمد اشرف | ساہیوال | 15 | حافظ عثمان جمیل | جمیل مغل | فرید ٹاؤن ساہیوال |
| 5 | حافظ عبداللہ | محمد رمضان | ساہیوال | 16 | حافظ محمد بن طارق | محمد طارق | ساہیوال |
| 6 | حافظ علی اعجاز | محمد اعظم | 99 / نوایل ساہیوال | 17 | حافظ بابر فاروق | مستری غلام نبی | ساہیوال |
| 7 | حافظ عثمان نور | قاری نورالٰہی | حمید کالونی ساہیوال | 18 | حافظ ذیشان افضل | محمد افضل | ساہیوال |
| 8 | حافظ طٰہٰ | مخدوم حسین | ساہیوال | 19 | حافظ اسامہ جمیل | جمیل مغل | فرید ٹاؤن ساہیوال |
| 9 | حافظ زین العابدین | معراج احمد | ساہیوال | 20 | حافظ حمزہ جمیل | جمیل مغل | فرید ٹاؤن ساہیوال |
| 10 | حافظ سلمان حنیف | حاجی حنیف | فرید ٹاؤن ساہیوال | 21 | حافظ محمد عادل | شہباز علی | 87/ 6آر ساہیوال |
| 11 | حافظ سلمان نور | نور محمد | ساہیوال | 22 | حافظ عبدالرحمٰن | عبدالستار | عارفوالہ ضلع پاکپتن |

## ٹائم ٹیبل برائے ناظرہ کلاس

| نمبر شمار | سرگرمی | آغاز | اختتام |
|---|---|---|---|
| 1 | آغاز کلاس | 7:30 | 10:10 |
| 2 | بریک | 10:10 | 10:25 |
| 3 | قرآن کلاس | 10:25 | 11:20 |
| 4 | تجوید کلاس | 11:20 | 12:00 |
| 5 | کھانا+ آرام | 12:00 | 12:45 |
| 6 | وقفہ نماز ظہر | 12:45 | 1:30 |
| 7 | سکول کلاس اردو | 1:30 | 2:00 |
| 8 | ادعیہ ماثورہ۔ حفظ حدیث | 2:00 | 2:35 |
| 9 | تربیتی نصاب۔ تعلیم عقائد | 2:35 | 3:05 |
| 10 | وقفہ نماز عصر | 3:05 | 3:35 |
| 11 | سکول کلاس میتھ | 3:35 | 4:10 |
| 12 | سکول کلاس انگلش | 4:10 | 4:45 |
| 13 | مطالعہ کلاس | نماز مغرب | نماز عشاء |

## ٹائم ٹیبل برائے حفظ کلاس

| سرگرمی | آغاز | اختتام |
|---|---|---|
| آغاز کلاس | 7:30 | 10:10 |
| بریک | 10:10 | 10:25 |
| قرآن کلاس | 10:25 | 11:20 |
| تجوید کلاس | 11:20 | 12:00 |
| کھانا+ آرام | 12:00 | 12:45 |
| وقفہ نماز ظہر | 12:45 | 1:30 |
| قرآن کلاس | 1:30 | 3:05 |
| وقفہ نماز عصر | 3:05 | 3:25 |
| درس حدیث | 3:25 | 3:35 |
| سکول کلاس میتھ | 3:35 | 4:10 |
| سکول کلاس انگلش | 4:10 | 4:45 |
| وقفہ برائے کھیل | 4:45 | نماز مغرب |
| مطالعہ کلاس | نماز مغرب | نماز عشاء |

# نتائج سہ ماہی امتحان ستمبر 2023

## حلقہ عثمان غنیؓ

| نام طالب علم | حفظ | سکول | حاضری | سیرت | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|
| سبحان اللہ | 100 | - | 20 | 13 | **98** |
| محمد خان | 100 | - | 20 | 11 | **97** |
| رضوان اللہ | 100 | - | 20 | 13 | **98** |
| سلیمان | 95 | - | 20 | 11 | **86** |
| حکیم اللہ | 99 | - | 20 | 15 | **99** |
| عبدالمہیمن | 100 | - | 20 | 9 | **95** |
| محمد احمد | 100 | - | 20 | 15 | **100** |
| عمر فاروق | 99 | - | 20 | 15 | **99** |
| عفاف عابد | 91 | 27 | 20 | 15 | **73** |
| ابو سفیان | 100 | - | 19 | 13 | **98** |
| عبداللہ نعیم | 91 | - | 20 | 15 | **93** |
| زید صابر | 80 | - | 20 | 15 | **85** |
| عبداللہ فاروق | 98 | - | 20 | 15 | **98** |
| حکیم اللہ | 99 | - | 20 | 14 | **98** |
| حمدان احمد | - | - | - | - | - |
| عبداللہ ندیم | - | - | - | - | - |
| محمد زکریا | - | - | - | - | - |
| محمد بن حکیم | - | - | - | - | - |

## حلقہ عمر فاروقؓ

| نام طالب علم | حفظ | سکول | حاضری | سیرت | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|
| حافظ ابراہیم | 100 | - | 20 | 15 | **100** |
| محمد فرقان | 84 | 54 | 20 | 15 | **86** |
| احمد عاصم | 100 | - | 20 | 11 | **97** |
| عبداللہ خان | 98 | - | 14 | 15 | **98** |
| صائم صفدر | 98 | 35 | 18 | 15 | **81** |
| محمد بن عمران | 91 | 47 | 17 | 15 | **85** |
| آیان یعقوب | 95 | 32 | 17 | 13 | **78** |
| طاہر افضل | 91 | 12 | 16 | 11 | **86** |
| خرم ندیم | 98 | 30 | 16 | 14 | **79** |
| ریحان خان | 90 | 38 | 20 | 13 | **65** |
| حازق عمران | 100 | 10 | 20 | 15 | **72** |
| محمد احسن | 100 | - | 12 | 15 | **94** |
| شکران اللہ | 100 | - | 20 | 11 | **97** |
| فرحان خان | 93 | - | 20 | 10 | **91** |
| احمد حسن | 95 | - | 20 | 15 | **96** |
| آذان مقبول | 85 | - | 17 | 13 | **85** |
| محمد حسن | 70 | - | 20 | 15 | **77** |
| صارم علی | 100 | - | 18 | 15 | **98** |

## حلقہ ابو بکر صدیقؓ

| نام طالب علم | حفظ | سکول | حاضری | سیرت | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|
| عبدالواجد | 98 | 37 | 20 | 15 | **85** |
| آذان عرفان | 99 | 50 | 20 | 13 | **91** |
| آیان عرفان | 100 | 44 | 20 | 13 | **88** |
| ولید اظہر | 100 | 47 | 19 | 15 | **90** |
| احمد شہباز | 95 | 40 | 19 | 15 | **84** |
| عبدالقیوم | 98 | 40 | 18 | 13 | **84** |
| فیضان | 90 | 28 | 20 | 15 | **76** |
| فہد اللہ فائق | 100 | 44 | 19 | 15 | **89** |
| ابراہیم راشد | 88 | 45 | 20 | 14 | **83** |
| عبداللہ فہیم | 88 | - | 17 | 12 | **86** |
| سیف اللہ | 100 | 48 | 20 | 15 | **91** |
| کاشان خان | 100 | 33 | 15 | 15 | **81** |
| سلیمان حنیف | 97 | | 17 | 15 | **64** |
| ضیاء الرحمٰن | 100 | 30 | 16 | 13 | **79** |
| عبدالرحمٰن | - | 32 | - | - | **16** |
| عبداللہ غفور | 95 | 10 | 20 | 15 | **70** |
| محمد احمد منور | 100 | | 20 | 10 | **96** |
| عبداللہ فائق | 90 | 43 | 20 | 13 | **83** |

# DETAIL OF EXPENDITURES FROM JAN-2023 TO NOV-2023

| Sr. # | Monthly Bills | | | | | | | Infrastructure | Monthly Dars Speaker | Monthly Dars Dinner | Advertisement | Examiner | Scholarships | | | Grand Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Month | Electricity | Gas | PTCL | Mess | Faculty | Staff | | | | | | Zaqat | Infaq | Total | |
| 1 | Jan-23 | 260 | 2470 | 2750 | 34980 | 142333 | 30000 | 900 | 10000 | 30000 | 7000 | | 87393 | 71493 | 158886 | 578465 |
| 2 | Feb-23 | 487 | 2400 | 2740 | 42830 | 148510 | 30000 | 147500 | 10000 | 30000 | 3500 | | 98816 | 79898 | 178714 | 775395 |
| 3 | Mar-23 | 1713 | 3360 | 2750 | 28200 | 156333 | 30000 | -- | 10000 | 30000 | 5000 | 5000 | 77513 | 79026 | 156539 | 585434 |
| 4 | Apr-23 | 1518 | 2010 | 2720 | 12770 | 143000 | 22000 | -- | 10000 | 30000 | 8380 | | 94178 | 145932 | 240110 | 712618 |
| 5 | May-23 | 1480 | 2220 | 2920 | 43740 | 181170 | 22000 | -- | 10000 | 30000 | -- | | 89059 | 152277 | 241336 | 776202 |
| 6 | Jun-23 | 6297 | 1920 | 2930 | 40780 | 186000 | 22000 | -- | 10000 | 30000 | 3500 | 5000 | 146471 | 117505 | 263976 | 836379 |
| 7 | Jul-23 | 7619 | 1190 | 2920 | 31242 | 191855 | 36000 | -- | 10000 | 30000 | 3500 | | 109738 | 67867 | 177605 | 669536 |
| 8 | Aug-23 | 21328 | 1710 | 2920 | 36382 | 168227 | 32000 | 13190 | 10000 | 30000 | 6500 | | 152961 | 123767 | 276728 | 875713 |
| 9 | Sep-23 | 17337 | 2100 | 3140 | 61041 | 143600 | 52000 | 45820 | 10000 | 30000 | 3000 | 5000 | 160038 | 136690 | 296728 | 966494 |
| 10 | Oct-23 | 6934 | 1550 | 3130 | 32004 | 161484 | 52000 | -- | 10000 | 30000 | 3500 | | 120427 | 121530 | 241957 | 784516 |
| 11 | Nov-23 | 5363 | 3200 | 2900 | 25704 | 146000 | 52000 | 45190 | 10000 | 30000 | 3500 | | 132456 | 123480 | 255936 | 835729 |
| Total | | 70336 | 24130 | 31820 | 389673 | 1768512 | 380000 | 252600 | 110000 | 330000 | 47380 | 15000 | 1269050 | 1219465 | 2488515 | 8396481 |
| Mon/Average | | 6394 | 2194 | 2893 | 35425 | 160774 | 34545 | 22964 | 10000 | 30000 | 4307 | 1364 | 115368 | 110860 | 226229 | 763316 |

| Collection of Funds from Jan-2023 to Nov-2023 | | | |
|---|---|---|---|
| Fee | Zakat | Infaq | Total Collection |
| 582800 | 1734226 | 6079455 | 8396481 |

| | | |
|---|---|---|
| Total Collection of Funds | = | 8396481 |
| Total Expenditures | = | 8396481 |
| Difference | = | 0 |

| Per Student Monthly Charges Detail | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Admission Fee | Tution Fee | Mess | Hostel | Total |
| 2000 | 3000 | 3000 | 2000 | 10000 |

**نوٹ** نادار طلبہ کو ماہانہ چارجز کی مد میں خصوصی رعایت حاصل ہے نیز مستحق اور ذہین طلبہ کو مختلف تعلیمی وظائف بھی دیئے جاتے ہیں تا کہ امت کے محنتی اور ذہین عناصر نا گفتہ بہ معاشی حالات کے باعث تعلیم سے محروم نہ رہیں۔

**اپیل**

قدس ایجوکیشن سنٹر ایک نان کمرشل ادارہ ہے، جس کے تمام پروجیکٹس بفضل اللہ، مخلص اور مخیّر حضرات کے تعاون سے چل رہے ہیں۔ آپ بھی اس کارِ خیر میں حصہ لے سکتے ہیں اور اپنے اور اپنے والدین کے لیے صدقہ جاریہ بننے کا سنہری موقع پا سکتے ہیں۔

جاز کیش اکاؤنٹ: محمد ریحان 0300-8864496

# ممتحن حضرات، علمائے کرام اور معزز والدین کے تاثرات وجذبات

”آج جامع مسجد قدس فرید ٹاؤن ساہیوال میں، جو ایک نیا تعلیمی انسٹی ٹیوٹ قائم ہوا ہے، اس کے شعبہ حفظ کے امتحان کے لیے حاضر ہوا ہوں۔ تمام طلبہ کے حفظ کا فرداً فرداً جائزہ لیا گیا اور بقدر ضرورت انہیں اصلاحی مشورے دیئے۔ اساتذہ کرام سے بھی باقاعدہ مجلس ہوئی اور طلبہ کی اصلاح کے متعلق اساتذہ کو بھی مطلع کیا گیا تاکہ کلاس کے نتائج بہتر سے بہتر ہو سکیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قدس سنٹر میں بہتری اور ترقی پیدا فرمائے اور منتظمین کو مزید اخلاص کے ساتھ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین“

**قاری اظہار احمد بلوچ رسول نگری، ناظم جامع عزیزیہ، ساہیوال**

”آج مؤرخہ 23-09-09 بروز ہفتہ قدس ایجوکیشن سنٹر فرید ٹاؤن میں امتحان لینے کا موقع ملا۔ مجموعی طور پر بچوں نے بہت اچھا سنایا کہ دل خوش ہو گیا البتہ بعض انفرادی کمزوریاں کیفیت کے خانے میں لکھ دی گئی ہیں تاکہ انہیں دور کرنے کی فکر ہو جائے۔ اللہ عزوجل سے دعا ہے کہ اساتذہ کی محنت اور منتظمین کی کاوش قبول فرمائے اور دارین میں اجر عظیم سے نوازے۔ آمین“

**قاری محمد اسحاق بدر (ناظم تعلیمات مکتب دار القرآن فتح شیر کالونی، ساہیوال)**

”ساہیوال شہر میں واقع، قدس ایجوکیشن سنٹر کے وقیع سنٹر میں خطبہ جمعہ کا موقع ملا۔ منتظمین کے ساتھ نشست میں سنٹر کی سرگرمیوں اور منصوبہ جات پر گفتگو ہوئی، سب کچھ بہت اچھا لگا۔ منتظمین میں اخلاص، تڑپ اور جذبہ دیکھا گیا۔ دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس عظیم ادارے کو آباد رکھے اور اس کے علمی وفکری سفر کو روز افزوں ترقی کے ساتھ سدا جاری رکھے۔ آمین“

**ڈاکٹر عبید الرحمٰن محسن (مدیر دار الحدیث الجامعۃ الکمالیۃ، راجووال)**

”قدس ایجوکیشن سنٹر میں اہل علم اور اہل قرآن سے ملاقات ہوئی، جو اس امت کے بہترین لوگ ہیں۔ طلبہ کی تلاوت اور حمدیہ اشعار سن کر ادارے کی ہم نصابی سرگرمیوں سے دلچسپی کا علم ہوا۔ ادارہ کے تعلیمی پروگرام میں سائنسی تعلیم کے متعلق میری رائے یہ ہے کہ سائنس کی بجائے آرٹس کی تعلیم دی جائے اور دینی علوم کی بنیادیں مضبوط کی جائیں۔ البتہ ضرورت کی حد تک ایوری ڈے سائنس پڑھا دی جائے جس سے طلبہ کا وقت اور محنت بچ جائے گی۔“

**ڈاکٹر عبد الماجد کشمیری (پرنسپل الفرقان کالج اوکاڑہ)**

”قدس ایجوکیشن سنٹر بہت اچھا ادارہ ہے۔ میرے بیٹے سلمان نے یہاں سے قرآن پاک حفظ کیا ہے۔ اس ادارے میں بچوں کے لیے کوالیفائیڈ اساتذہ ہیں اور ہر طرح کا انتظام ہے۔ تمام اساتذہ بچوں کے ساتھ نہایت شفقت سے پیش آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس ادارے کو ہمیشہ قائم ودائم رکھے۔ آمین“

**محترم محمد حنیف (والد گرامی حافظ سلمان حنیف)**

"My son Hasnain Ahmad got admission at Qudus Education Centre in Hifz class. I am satisfied about the progress of my son. I recommend the Qudus Education Centre for the best learning for our coming generation."

**Muhammad Ibraheem (F/o Hasnain Ahmad)**

# قدس ایجوکیشن سنٹر کے شب و روز؛ تصویری زبان میں



# قدس ایجوکیشن سنٹر میں اعزازی اور امدادی سرگرمیوں کے مناظر
























# قدس ایجوکیشن سنٹر کے چند تعلیمی اور تبلیغی اشتہارات


























































**Qudus Education Centre, F-Block, Stop-4, Farid Town, Sahiwal**
0300-8864496,040-4508005 qudus education.com Qudus Education Centre